اچھا ہے۔ البتہ کتابت کی اغلاط بہت زیادہ ہیں۔

سورۂ انعام و سورۂ مائدہ۔ ترجمہ و تفسیر | تالیف: میاں منظور احمد صاحب ایم۔اے۔ پروفیسر شعبۂ علومِ اسلامی اسلامیہ کالج ریلوے روڈ، لاہور۔ شائع کردہ علمی کتاب خانہ اردو بازار، لاہور۔ سورۂ انعام صفحات ۱۸۴۔ قیمت ۶ روپے۔ سورۂ مائدہ صفحات ۲۴۶ قیمت ۶ روپے۔

پاکستان کے تعلیمی بورڈوں اور یونیورسٹیوں نے جب سے اسلامیات کو بطور مضمون نصاب میں شامل کیا ہے اسی وقت سے نصابی ضروریات کے پیش نظر بعض نہایت اچھی کتب مرتب کی گئی ہیں۔ زیرِ تبصرہ تصانیف بھی اسی مفید سلسلہ کی کڑیاں ہیں۔ سورۂ انعام اور سورۂ مائدہ ایم۔اے علومِ اسلامیہ کے نصاب میں شامل ہیں۔ قرآن مجید کے مطالعہ کے لیے یوں تو اس ملت کے محققین اور مفسرین نے تفسیر کا نہایت اچھا ذخیرہ فراہم کر دیا ہے مگر اس کے باوجود اس بات کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ کوئی بالغ نظر استاد طلبہ کے معیار، ان کی ذہنی الجھنوں اور ان کی ضروریات کو سامنے رکھ کر تفسیری مواد کو ایک جگہ جمع کر دے۔ اس ادق اور مشکل کام کو فاضل مصنف نے بڑی دیدہ وری سے سرانجام دیا ہے۔ تبصرہ نگار کے نزدیک ان تصانیف کا سب سے روشن پہلو یہ ہے کہ مصنف نے قدیم و جدید تفسیری لٹریچر سے استفادہ کیا ہے مگر کہیں بھی تجدد پسندی کے رجحانات کو سرایت نہیں کرنے دیا اور انہی حقائق کو بیان کیا ہے جو ہمارے اسلاف کی نظر میں صحیح اور مستند اور روح اسلام کے عین مطابق ہیں۔ ان کتب سے عام قارئین بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کتابت طباعت کا معیار گوارا ہے۔

پنجابی نامہ | تالیف: جناب ارشاد احمد پنجابی۔ شائع کردہ: مرکزی اردو بورڈ، گلبرگ لاہور۔ صفحات ۲۷۸۔ قیمت: چار روپے۔

"پنجابی نامہ" پنجابی زبان کے ایسے الفاظ کا ذخیرہ ہے جو اردو زبان سے فطری مناسبت رکھتے ہیں اور اسے وسعت دینے کے لیے اس میں بڑی آسانی کے ساتھ سموئے جا سکتے ہیں۔ اس ذخیرہ میں اچھی خاصی تعداد ایسے الفاظ کی ہے جن سے اردو زبان بالکل نا آشنا نہیں اور اس میں بغیر کسی تکلف کے جذب ہونے کی صلاحیت